www.saharaexpressdaily.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com saharaexpresspatna1@gmail.com

Urdu Daily Published From
Patna, Ranchi & Delhi



روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ

SAHARA EXPRESS,PATNA

No-1 SE

RNI.NO.BIHURD/2011/37805 Vol:14 Issue:333 12.12.2024 THURSDAY Re.01 Page:08

جلدنمبر:14 شمارہ:333/جمعرات/۱۲/دسمبر/۲۰۲۴/مطابق/۹/جمادی الآخر/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

# ریلوے کے کاموں کومزید آسان بنانے کے لیے ریلوے ترمیمی بل لوک سبھا میں منظور

نئی دہلی، 11 دسمبر (یواین آئی) لوک سبھانے ریلوے ترمیمی بل-2024 کوصوتی ووٹ سے آج منظور کرلیا، جو ریلوے کے کام کومزید آسان اور سہل بنانے اور حکام کوزیادہ اختیار دینے کے لیے دو پرانے قوانین کوملا کر بنایا گیا ہے۔لوک سبھامیں ریلوے ترمیمی بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا کہ اراکین نے بہت اچھی تجاویز پیش کی ہیں۔بل کی ضرورت سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ بل کوآسان بنانے کی ضرورت تھی اور 1905 اور 1989 کی ترامیم کوشامل کرکے قانون کوآسان بنایا گیا ہے۔ ریلوے کی بہت زیادہ وترقی ہوئی ہے اور اس سے ملک کو بہت فائدہ ہوا ہے کیونکہ حکام کولوگوں کی ضروریات کے مطابق کام کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پچھلے دس برسوں میں ریلوے میں صفائی کی سطح میں کافی تبدیلی آئی ہے۔اس دوران تقریباً تین لاکھ دس ہزار نئے بیت الخلا بنائے گئے اور دیسی ٹیکنالوجی کے ساتھ وندے بھارت ریل شروع کی گئی اوراس کی وجہ سے پوری دنیا میں اس کا چرچا ہے۔نمو بھارت ریل دو سے ڈھائی سوکلومیٹر کے مختصر فاصلے پر چل رہی ہے۔ ریلوے لائنوں کی برقی کاری بڑے پیمانے پر ہوئی ہے۔فرق یہ ہے کہ گزشتہ 60 برسوں میں 21 ہزار لائنوں پر بجلی کاری کی گئی لیکن حالیہ دس برسوں میں 44 ہزار کلومیٹر پر بجلی کاری کی گئی۔وزیر ریلوے نے کہا کہ قومی شاہراہوں کی تعمیر میں بہت سرمایہ کاری ہوئی ہے لیکن یہاں ریلوے میں کم سرمایہ کاری ہوئی ہے مگر ریکارڈ کام کا قائم ہوئے ہیں۔مودی حکومت نے ایک سال میں 31 ہزار نئے ٹریک بنائے ہیں اور پانچ ہزار سے زیادہ نئے ریلوے ٹریک بنائے ہیں۔انہوں نے اپوزیشن جماعتوں پر زور دیا کہ وہ ریلوے کے حوالے سے کسی قسم کا غلط تصور پیدا نہ کریں اور کہا کہ ایسا تصور پیدا نہ کیا جائے اور یہ مان لیا جائے کہ ملک نے ریلوے کے شعبے میں بے پناہ ترقی کی ہے۔ممبران کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے ریلوے میں جنرل کوچز کی تعداد بڑھا دی ہے اور ہر ریلوے پر مزید جنرل کوچز لگائی جارہی ہیں۔امرت بھارت میں 20 میں سے 10 سلیپر ہیں اور دس دیگر کوچ ہیں۔ یہ ٹرین وندے بھارت کی طرز پر بنائی گئی ہے۔

## مرمو نے قومی پنچایت ایوارڈ سے سرفراز کیا

نئی دہلی، 11 دسمبر (یواین آئی) صدر دروپدی مرمو نے بدھ کو پنچایتوں کے مختلف زمروں میں منتخب 45 ایوارڈ یافتگان کوقومی پنچایت ایوارڈ پیش کیے جنہوں نے پائیدار اور جامع ترقی کے مسائل میں مثالی کردار ادا کیا ہے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہمارے ملک کی تقریباً 64 فیصد آبادی دیہات میں رہتی ہے، اس لیے ہندوستان کوایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے گاؤں اور دیہاتیوں کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے خوشی کا اظہار کیا کہ گزشتہ ایک دہائی میں حکومت نے پنچایتوں کو بااختیار بنانے کے لیے سنجیدہ کوششیں کی ہیں۔مسز مرمو نے کہا کہ ترقی یافتہ ہندوستان کی بنیاد خود انحصاری اور قابل مقامی اداروں کی بنیاد پر ہی رکھی جاسکتی ہے۔ پنچایتوں کواپنی آمدنی کے اپنے ذرائع تیار کرکے خود کفیل بننے کی کوشش کرنی چاہیے۔ یہ خود انحصاری گرام سبھا کو اعتماد اور ملک کو طاقت فراہم کرے گی۔صدر جمہوریہ نے قومی پنچایت ایوارڈ ※ جیتنے والوں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوارڈ ان کی لگن اور کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ یہ اعزاز انہیں مزید بہتر کام کرنے کی ترغیب دے گا اور دیگر گرام پنچایتوں کو بھی گاؤں کی ترقی کے لیے بامعنی کوششیں کرنے کی ترغیب دے گا۔







## بی جے پی کی ووٹ کاٹنے کی سازش کے خلاف عام آدمی پارٹی کے وفد نے الیکشن کمیشن سے ملاقات کی

نئی دہلی، 11 دسمبر (یواین آئی) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) نے بدھ کو الیکشن کمیشن سے ملاقات کی اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر ووٹ کاٹ کر دہلی انتخابات جیتنے کی سازش کرنے کا الزام لگاتے ہوئے اس کے خلاف شکایت درج کرائی۔اے اے پی کے قومی کنوینر اور دہلی کے سابق وزیر اعلی اروند کیجریوال نے سات رکنی وفد کے ساتھ آج الیکشن کمیشن سے ملاقات کی اور تین ہزار صفحات پر مشتمل ثبوت پیش کیا۔ وفد میں وزیر اعلیٰ آتشی، پارٹی لیڈر سنجے سنگھ، پنکج گپتا، جیسمین شاہ اور رینا گپتا شامل تھے۔اس دوران مسٹر کیجریوال نے کہا کہ ※※ بی جے پی دہلی کے لوگوں کے ووٹ کاٹ کر ہندوستانی شہری ہونے کے ناطے ان کے حقوق چھین رہی ہے۔ بی جے پی کے کارکنوں نے کئی اسمبلیوں میں ہزاروں ووٹروں کے ناموں کو حذف کرنے کی درخواست دی ہے اور الیکشن کمیشن اس پر خفیہ طور پر کام کررہا ہے۔تاہم مرکزی الیکشن کمیشن نے ہماری شکایات کا نوٹس لیا ہے اور کارروائی کا یقین دلایا ہے۔







## پربھنی میں آئین کی بے حرمتی، تشدد اورکشیدگی کے بعد کرفیو نافذ

پربھنی، 11 دسمبر (یواین آئی) مہاراشٹر کے پربھنی ضلع میں بدھ کی صبح سے ہی آئین کی توہین کو لے کر کشیدگی ہے۔امبیڈکر کے پیروکاروں نے ضلع مجسٹریٹ کے دفتر سمیت سینکڑوں گاڑیوں کی توڑ پھوڑ کی۔اس کے پیش نظر کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے یہاں کرفیو نافذ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پولیس کی اضافی نفری یہاں امن قائم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔آئین کی توہین کرنے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کرلیا گیا ہے۔ کلکٹر گاوڑے نے لوگوں سے امن قائم کرنے میں مدد کرنے کی اپیل کی ہے۔ذرائع کے مطابق، پربھنی میں منگل کی شام ایک شخص نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے دفتر کے قریب ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمے کے پاس رکھی آئین کی کاپی کی مبینہ طور پر توہین کی تھی۔اس کے خلاف احتجاج میں امبیڈکر کے پیروکاروں نے پربھنی شہر کو بند کرنے کا اعلان کیا تھا۔ امبیڈکر کے پیروکاروں نے آج صبح سے جنتور مارگ، پاتھری مارگ، وسمت روڈ پر مختلف مقامات پر احتجاج کیا۔ اس دوران ٹائر بھی جلائے گئے اور ٹریفک روک دی گئی۔شہر کی بعض دیگر سڑکوں پر بھی یہی صورتحال رہی تاہم دوپہر تک ماحول مزید خراب ہوگیا۔مظاہرین نے اسٹیشن روڈ کے علاقے میں شٹروں، دکانوں کے بورڈوں، دو پہیوں اور چار پہیہ گاڑیوں پر پتھراؤ شروع کردیا۔مبینہ طور پر سڑکوں پر جلاؤ گھیراؤ کے دوران پولیس تماشائی بنی رہی۔تاہم، ایک گاڑی کی توڑ پھوڑ اور آتش زنی کے بعد، جیسے ہی یہ اشارے ملے کہ احتجاج پرتشدد ہورہا ہے، پولیس کی نفری بڑھا دی گئی۔ پولیس نے بھیڑ کو کنٹرول کرنے کے لیے طاقت کا استعمال کیا اور اسے منتشر کرنے کی کوشش کی۔ اس کے بعد پولیس نے لاٹھی چارج کیا اور بعض مقامات پر آنسو گیس بھی چھوڑی۔ضلع کلکٹر نے صورتحال کو معمول پر لانے کے لیے امبیڈکر کے پیروکاروں کے ایک وفد سے بات چیت کی۔ اسی دوران ضلع مجسٹریٹ کے دفتر میں توڑ پھوڑ کی گئی۔صورتحال پر قابو پانے کے لیے کلکٹر نے پربھنی میں کرفیو نافذ کردیا ہے۔شہر میں حالات کو معمول پر لانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

روزنامہ سہارا ایکسپریس پٹنہ
SAHARA EXPRESS,PATNA

# وہ گاؤں جہاں گالی دینے پر 500 روپے جرمانہ ہوگا: 'سی سی ٹی وی سے لوگوں پر نظر رکھی جائے گی'

'اگر کوئی میری ماں یا بہن کو گالی دے گا تو مجھے بہت غصہ آئے گا۔ اس کی روک تھام ہونی چاہیے اور اسی لیے ہمارے گاؤں نے اس بارے میں فیصلہ کیا۔۔۔ مجھے اپنے گاؤں پر بہت فخر ہے۔' یہ کہنا ہے انڈین ریاست مہاراشٹر کے سونڈالہ گاؤں کے رہائشی منگل چاموٹے کا۔ 1800 افراد پر مشتمل آبادی والے اس چھوٹے سے گاؤں کی پنچائیت نے حال ہی میں یہ متفقہ فیصلہ سُنایا ہے کہ گاؤں میں کوئی بھی آئندہ ماں یا بہن کی گالی دے گا تو اس پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ گاؤں میں اس فیصلے سے آگاہی اور لوگوں کی یاد دہانی کے لیے جگہ جگہ اس فیصلے سے متعلق پوسٹرز بھی لگائے گئے ہیں۔ پنچائیت کے سربراہ شرد ارگڈے کہتے ہیں کہ اس فیصلے کا مقصد ماؤں اور بہنوں کی عزت کروانا ہے۔ 'وہ عورت جس کی کوکھ سے ہم پیدا ہوتے ہیں وہ کتنی مقدس ہوتی ہے۔ ہمیں اس مقدس ہستی کی بے حرمتی نہیں کرنی چاہیے۔ جب ہم کسی کی ماں بہن کو گالی دیتے ہیں تو دراصل ہم اپنی ہی ماں، بہنوں کو گالی دے رہے ہوتے ہیں۔ پنچائیت نے متفقہ طور پر گالی دینے والے پر 500 روپے جرمانہ عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔' دوسری جانب سونڈالہ کی جیوتی بوڈھک بھی خوش ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ جرمانے کے ڈر کی جہ سے لوگ گالی دینا کم کر دیں گے۔ پنچائیت کا کہنا ہے کہ اس فیصلے کا اطلاق جنس کی تفریق کے بغیر ہر کسی پر ہوگا۔ پنچائیت کی جانب سے گاؤں میں گالم گلوچ کرنے والوں پر جرمانہ لگانے کا فیصلہ تو کر لیا گیا لیکن یہ ثابت کرنا کہ کس نے گالی دی، ایک مشکل کام ہے۔ اس کے حل کے لیے گاؤں بھر میں ایسے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کر دیے گئے ہیں جن میں لوگوں کی آوازیں بھی ریکارڈ ہوتی ہیں۔ سرپنچ شرد ارگڈے کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص عوامی مقامات پر گالی دیتا ہے تو عموماً وہ ایسا اونچی آواز میں کرتا ہے۔ ایسا کرنے سے سی سی ٹی وی کی مدد سے اس کا پتا لگایا جا سکے گا۔ ارگڈے کہتے ہیں کہ جب دو افراد کے درمیان جھگڑا ہوتا ہے تو اکثر آس پاس موجود لوگ جمع ہو جاتے ہیں جو ان کے خلاف گواہی دیتے ہیں۔ گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ آنے والی نسلوں کا مستقبل بہتر بنانے کے ایسے فیصلوں پر سختی سے عملدرآمد کروانا ضروری ہے۔ پنچائیت کی رکن پرتیبھا پسوٹے کہتی ہیں کہ جب بڑے عمر کے افراد بچوں کے سامنے گالی گلوچ کرتے ہیں تو بچے ان کی رویے کی نقل کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بچوں کی تربیت کے لیے لوگوں کو خود کو سدھارنا ہوگا۔ اس کے علاوہ پنچائیت نے گاؤں میں شام سات سے نو بجے کے درمیان بچوں کے موبائل فون استعمال کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی ہے۔ منگل چاموٹے کا بیٹا دوسری جماعت میں پڑھتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جب ہم اپنے بچوں کو بتاتے ہیں کہ پنچائیت نے بچوں کے موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کی ہے تو بچے ہم سے خود کہتے ہیں کہ ہمیں پڑھائیں اور ہماری تصاویر گاؤں کے واٹس ایپ گروپ پر شیئر کریں۔ سونڈالہ کے رہائشی دوسرے گاؤں کے رہائشیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بھی اپنے اپنے گاؤں میں ایسے اقدامات کریں۔

# ساحر اللسان خطیب باکمال مولانا عبدالرب اعظمیؒ، یادوں کے نقوش

نالۂ دل: محمد اطہر القاسمی
نائب صدر جمعیت علماء بہار، رابطہ نمبر:- 9934513550

ملت اسلامیہ ہند کے عظیم پاسباں، سرمایہ ملت کے بے لوث نگہباں، شریعت اسلامیہ کے محافظ، فکر دیوبند کے ترجمان، اکابرین امت کے معتمد، علم وفن کے شہسوار، ساحر اللسان خطیب، کامیاب مدرس، بہترین منتظم، قادر الکلام داعی، خطہ اعظم گڈھ کے سپوت، علماء وحفاظ کی نگری جہانا گنج کے لعل وگہر، سینکڑوں مدارس ومساجد کے نگہباں، ہزاروں طالبان علوم نبویہ کے معلم، جامعہ عربیہ انوار العلوم جہانا گنج کے ناظم اعلی اور جمعیت علماء اتر پردیش کے صدر محترم فخر ملت حضرت مولانا عبدالرب صاحب اعظمی کی رحلت کی خبر نے قلب وجگر کو مضطرب کر دیا۔ انا للہ وانا الیہ رجعون۔ چونکہ اس فانی دینا کی ہر شی کو فنا ہونا ہے اور صرف ایک ہی ذات ہے جو رب العالمین ہے جس کو دوام وبقاء حاصل ہے۔ اس لئے اپنے اس عظیم محسن اور بچپن سے بڑھاپے تک کے مربی کی رحلت پر اسی رب العالمین سے دست بستہ دعائیں کرتے ہیں کہ وہ اپنے اس مخلص بندے کو معاف فرمائے، ان کے سیآت کو حسنات سے مبدل فرمائے، انہیں اعلیٰ علیین میں جگہ دے، ملک وملت کے لئے ان کی عظیم الشان خدمات کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت بخشے اور ان کے جملہ پس ماندگان و متعلقین کے ساتھ ہم جیسے ہزاروں سوگواران کے عقیدت مندوں کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے اور ان کے خون وپسینہ سے سینچے گئے تعلیمی و تربیتی گہوارہ جامعہ عربیہ انوار العلوم جہانا گنج اور جمعیت علماء اتر پردیش کو ان کا نعم البدل عطاء فرمائے! جمعیت علماء ارریہ بہار کی پوری ٹیم حضرت مولانا نور اللہ مرقدہ کو خراج عقیدت اور ان کے جملہ وارثان کی خدمت میں تعزیت مسنونہ پیش کرتی ہے اور تمام احباب سے حضرت والا رحمہ اللہ کے لئے دعاء مغفرت کی درخواست کرتی ہے۔ حضرت مولانا کا چہرہ آج بار بار ذہن ودماغ پر گردش کر رہا ہے۔ مولانا مرحوم کا چہرہ نہایت خوبصورت، چہرے پر مسکراہٹ، مسکراہٹ سے ٹپکتا نور، کشادہ پیشانی، آنکھوں پر سیاہ چشمہ، چشمے کے نیچے سے پھڑکتی آنکھیں، ہاتھ میں عصا، سنجیدگی سے مالا مال قد وقامت، باوزن و باوقار رفتار، مدلل ومضبوط گفتار، سوالوں کا مسکت جواب، حق وصداقت کے لئے علم بردار، اعزہ واقارب کے لئے نہایت خیر خواہ، طلبہ عزیز کے لئے ریشم جیسا نرم ونازک، باطل پرستوں کے لئے برہنہ تلوار، مصائب ومشکلات میں عزم واستقلال کا پہاڑ، دفاع ملت کے لئے آہنی دیوار، قومی وملی معاملات کے لئے ہمہ وقت حاضر باش، ضرورت مندوں اور مصیبت کے ماروں کے لئے سایہ ثمر دار اور ان سب کے باوجود ان کا طرز زندگی نہایت سادہ اور بے تکلف تھا۔ حضرت مولانا نے تقریباً نصف صدی اپنے قصبہ جہانا گنج کی عظیم دینی درس گاہ جامعہ عربیہ انوار العلوم کے عہدہ نظامت پر فائز رہ کر اسے چار چاند لگایا، مولانا کو یہ عہدہ اپنے والد گرامی حضرت مولانا محمد اقبال صاحب قاسمی نور اللہ مرقدہ کے بعد شوریٰ نے سپرد کی تھی اور مولانا نے والد گرامی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی جوانی کے سارے ایام ادارے کی فلاح وبہبود اور تعمیر و ترقی میں صرف کردی اور ابھی بہت سارے خاکے اور عزائم ان کے ذہنوں میں موجزن تھے کہ چہرے پر نمودار ایک چھوٹی سے ٹیومر نے ان کی زندگی کی رفتار وگفتار پر ایسی بریک لگائی کہ انہوں نے اپنی جان جاں آفریں کے سپرد کردی۔ حضرت مولانا عبدالرب صاحب اعظمی نور اللہ مرقدہ اپنے خطے میں اہل علم وادب اور سماجی ومعاشرتی مصلح کی حیثیت سے متعارف تھے اور گونا گوں خوبیوں اور صلاحیتوں کی بناء پر اکابر علماء دیوبند واکابر جمعیت علماء ہند کے منظور نظر بن گئے تھے۔ مولانا یوں تو اپنے خطے کے مقبول ترین عالم دین تھے لیکن پڑوسی ریاست بہار وبنگال وجھارکھنڈ سے بھی انہیں بے انتہا محبت تھی، ان میں بھی صوبہ بہار سے انہیں بے حد جذباتی لگاؤ تھا، اسی لئے ان کے ادارے میں مقامی طلبہ عزیز کے علاوہ سب سے زیادہ بچے بہار کے رہا کرتے تھے، وہ بار ہا یہاں بہار کا سفر بھی فرمایا کرتے تھے اور ان کے عقیدت مند طلبہ ان کے لئے فرش راہ بننے کو اپنے لئے سعادت مندی سمجھتے تھے، چنانچہ جہاں ملک وبیرونِ ملک ان کے سینکڑوں فیض یافتگان موجود ہیں وہیں صوبہ بہار سے وابستہ ان کے ہزاروں طلبہ ملک وملت کی عظیم خدمات انجام دے رہے ہیں جو بلاشبہ ان کے لئے صدقۂ جاریہ ہیں اور آج ان کی رحلت سے خطۂ جہانا گنج واعظم گڈھ اور اتر پردیش کے ساتھ ریاست بہار بالخصوص علاقہ سیمانچل اور ضلع ارریہ میں غم والم کی شدید لہر دوڑ گئی ہے۔ حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ یوں تو اپنے تمام طلبہ عزیز پر باپ کی طرح شفقت وپیار کا معاملہ فرمایا کرتے تھے لیکن اس عاجز محمد اطہر القاسمی پر آپ کی شفقت ومحبت بے مثال تھی۔ آج سے تقریباً پینتیس (35) برس قبل ہمارے غریب خانے پر جناب قاری عثمان غنی عادل صاحب اور قاری نفیس اختر صاحب جہانا گنج سے تشریف لائے تھے، بندہ اس وقت اپنے گاؤں کے اسکول میں ابتدائی درجات میں تھا، دونوں بزرگوں کا قیام اسی عاجز کے گھر تھا، اس درمیان مہمانوں کی خدمت اسی بندے کے سپرد تھی، اللہ کا نظام کہ دونوں قاری صاحبان نے والدین کو تیار کر لیا اور یوں اسکول چھوڑا کر یہ دونوں بزرگوار بندہ کو اپنے ساتھ جہانا گنج لے کر چلے گئے اور انوار العلوم میں شعبہ حفظ میں داخلہ کروا دیا، حفظ قرآن کریم کا بسم اللہ کیا ہوا کہ ناظم اعلی حضرت مولانا عبدالرب صاحب اعظمی نور اللہ مرقدہ نے اپنی زندگی کے آخری ایام تک اپنی بے پناہ محبتوں اور شفقتوں کے ایسے نقوش چھوڑے کہ اس کا اجر حق جل مجدہ ہی روز حشر انہیں اپنی رضا کی شکل میں عطا فرمائے گا ان شاء اللہ۔ فراغت کے بعد رفتہ رفتہ حضرت مولانا کو جب علم ہوا کہ درس وتدریس کے علاوہ بندہ ٹوٹی پھوٹی تحریر کے ساتھ تقریریں بھی کر لیا کرتا ہے تو اکثر فون کر کے خوب خوب حوصلہ افزائی فرماتے اور بے شمار دعاؤں سے نوازتے اور کہتے کہ تماری تحریر بڑے مزے لے لے کر پڑھتا ہوں، کئی بار قاری عثمان غنی عادل صاحب وقاری نفیس اختر صاحب کے توسط سے جہانا گنج کے متعدد اجلاس میں شرکت کی سعادتوں سے نوازا اور دعاؤں کے ساتھ خوب خاطر تواضع فرمائی۔ آپ جب جمعیت علماء اتر پردیش مشرقی زون پھر پوری ریاست کے صدر محترم بنائے گئے تو توجہات میں مزید اضافہ ہو گیا اور جمعیت علماء اتر پردیش کے پلیٹ فارم سے یہاں ارریہ بہار کے متاثرین کی خوب دادرسی فرمانے لگے، 2017 کے تباہ کن سیلاب میں آپ اور محسن ومربی حضرت مولانا حافظ عبدالحئی صاحب مفتاحی ناظم اعلی جامعہ عربیہ منبع العلوم خیر آباد وصدر جمعیت علماء مشرقی زون اتر پردیش نے مل کر متاثرین کی خوب خوب امداد واعانت فرمائی۔ یہاں ارریہ کے طلبہ جو بیرون ریاست مدارس میں پڑھنے کے لئے جا رہے تھے اور کئی بار انہیں بال مزدور کہ کر پولیس اتر پردیش کے حدود میں حراست میں لے لیا تو بندہ نے حضرت مولانا سے فوری رابطہ کیا اور پولس حراست سے رہائی کی درخواست کی تو یہی نہیں کہ حضرت والا نے بچوں کو رہا کروا دیا بلکہ باضابطہ وکیل کر کے بچوں کے ساتھ ان کے سرپرستوں کی ضمانت بھی کروائی اور پولیس وین کے ذریعے سبھوں کو بحفاظت یہاں ارریہ بھجوایا اور جب تک سبھوں کی اپنے اہل خانہ سے ملاقات نہیں ہو گئی وہ مسلسل بندہ سے فون پر رابطہ کرتے رہے۔ ابھی سال گذشتہ ارریہ کا ایک شخص ٹرین پر آتے ہوئے لکھنؤ کے قریب حادثہ کا شکار ہو گیا اور لاش پولس نے سرکاری ہاسپٹل کے سپرد کر دی، اہل خانہ لاش کے لئے کافی پریشان ہوئے، این او سی کا مسئلہ درپیش آ گیا، اہل میت نے اس عاجز سے لاش ارریہ منگوانے کی درخواست کی، بندہ نے فوراً حضرت مولانا سے رابطہ کیا، مولانا نے اسی وقت لکھنؤ کی جمعیت سے رابطہ کر کے تعاون کی ہدایت دی، جمعیت علماء لکھنؤ کی پوری ٹیم نے بے انتہا مروت وہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سارا کام کروا کر اپنے اخراجات پر بذریعہ ایمبولینس لاش یہاں بلوا ارریہ بھجوایا اور حضرت مولانا اس بندہ سے مسلسل رابطے میں رہے اور حکم دیا کہ آپ ہی کو نمازِ جنازہ پڑھانا ہے، ساتھ ہی یہ ہدایت بھی فرمائی کہ جمعیت کا تعارف کراتے ہوئے میرے تمام ساتھیوں کے لئے دعائیں کروا دینا۔ سال گذشتہ جمعیت علماء اتر پردیش کے دو زون کا تربیتی اجلاس لکھنؤ میں تھا، بندہ بھی جمعیت علماء ارریہ کی ایک ٹیم کے ساتھ وہاں حاضر ہوا تو اختتام اجلاس کے بعد ساتھی تو وطن لوٹ گئے لیکن حضرت مولانا اس عزیز کو اپنے ساتھ جہانا گنج لے آئے اور لکھنؤ سے جہانا گنج تک اپنے بغل کی سیٹ پر بٹھا کر بہت ساری گفتگو کرتے رہے، پھر یہاں جہانا گنج آنے کے بعد قاری صاحب سے مل کر چار روزہ پروگرام طے کیا اور جامعہ عربیہ انوار العلوم جہانا گنج کے ساتھ جامعہ عربیہ منبع العلوم خیر آباد، جامعہ عربیہ عین الاسلام نوادہ اور جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارک پور کے ساتھ متعدد مقامات پر نشستیں رکھوائی اور حوصلہ افزائی کی۔ ہفتہ دن قبل قاری عثمان غنی عادل صاحب سے گفتگو ہو رہی تھی کہ طبیعت زیادہ ناساز ہے، چھٹی لے کر ایک سفر کریں گے اور حضرت مولانا کی زیارت کریں گے لیکن آج یہ تعزیتی کلمات لکھ کر انہیں خراج عقیدت پیش کرنا پڑ رہا ہے کہ اذا جاء اجلہم لا یستاخرون ساعۃ ولا یستقدمون۔ الحاصل باتیں طویل ہو گئیں، پتہ نہیں فرط جذبات میں کیا کیا لکھا چلا گیا۔ لیکن جو بھی لکھا گیا وہ حضرت مولانا نور اللہ مرقدہ کے اوصاف وکمالات، خدمات جلیلہ، مخلصانہ کوششیں، خوب سے خوب تر جدوجہد، بے پناہ محبتیں اور حد درجہ عنایات ونوازشات کی ایک ادنیٰ سی جھلک ہے، کیونکہ یہ عاجز حضرت مولانا کا ایک ادنیٰ سا فیض یافتہ اور ان کی جوتیوں کا دھول وگرد وغبار ہے، یہ کیا لکھ سکتا ہے، لکھنے والے اب لکھیں گے۔ ان کے کارہائے نمایاں اور بے شمار قومی وملی خدمات ہیں جو سنہرے حروف سے تاریخ کے اوراق میں بطورِ دستاویز مرتب ہوں گے اور آنے والی نسلیں ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اس فخر قوم اور سرمایۂ ملت کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔

آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزۂ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے!

# رئیس الاحرار محمد علی جوہر ایک عہد ساز شخصیت

ازقلم: مجاہد عالم ندوی
استاد: الفیض ماڈل اکیڈمی بابوآن بسمتیہ ارریہ بہار۔ رابطہ نمبر: 8429816993

محمد علی جوہر 10، دسمبر 1878ء کو رام پور کے ایک خوشحال خاندان میں پیدا ہوئے، ان کے خاندان کے بہت سے لوگ ریاست رام پور کے سول اور فوجی محکموں میں ملازم تھے، محمد علی کے دادا شیخ بخش خاندان کے پہلے فرد تھے جن کا تعلق ریاست رامپور سے ہوا تھا، محمد علی کے ننہالی بزرگوں میں بشارت علی خاں، مہربان علی خاں، ولایت علی خاں وغیرہ نے ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی 1857ء میں بڑی ہمت اور بہادری سے حصہ لیا تھا، لیکن ان لوگوں کو اس کا کافی خمیازہ بھگتنا پڑا تھا، جنگ آزادی کی اس تحریک کی ناکامی کے بعد محمد علی کے نانا، شیخ مظفر علی روپوش ہو گئے تھے جبکہ شیخ بشارت علی خان اور مہربان علی خان کو انگریزوں نے گرفتار کر لیا، بعد میں ان دونوں کو موت کی سزا دی گئی۔ محمد علی جوہر کے والد کا ہیضے کے باعث 33 سال کی عمر میں اگست 1880ء کو انتقال ہو گیا، اس وقت وقت محمد علی کی عمر صرف دو سال تھی جبکہ ان کی والدہ آبادی بانو بیگم (بی اماں) کی عمر اس وقت محض 27 سال تھی، اتنی کم عمر میں بیوہ ہو جانے پر بھی ان کی والدہ نے ہمت نہ ہاری، تمام رکاوٹوں، اور مالی پریشانیوں کو سہتے ہوئے بھی اپنے بچوں شوکت علی اور محمد علی کو اعلیٰ تعلیم دلائی، بچوں کی پرورش میں بی اماں نے تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی تربیت کا بھی خیال رکھا وہ چاہتی تھیں کہ ان کے لخت جگر زمانے کے تقاضوں کے مطابق اعلیٰ ترین تعلیم حاصل کر کے ملک وقوم کی خدمت کریں، محمد علی نے ابتدائی تعلیم اپنے بڑے بھائی شوکت علی کے ساتھ بریلی میں رہ کر حاصل کی، چار سال تک بریلی میں زیر تعلیم رہنے کے بعد محمد علی تقریباً بارہ سال کی عمر میں بغرض تعلیم علی گڑھ منتقل ہو گئے۔ محمد علی نے کم عمر میں ہی علی گڑھ کی تعلیم کے دوران ایک مضمون بعنوان جدید اردو تعلیم کی ضرورت لکھا جو انسپکٹر آف اسکول کی رپورٹ کے ساتھ رامپور اسٹیٹ گزٹ میں ستمبر 1890ء کو شائع ہوا، محمد علی کے مزاج میں میں شوخی، ظرافت کے ساتھ ساتھ کھلنڈرا پن بھی شامل تھا، محمد علی کی فیلڈ میں کرکٹ بھی کھیلتے اور یونین کے جلسوں میں تقریر بھی کرتے لیکن لیکن امتحان کے قریب پڑھائی میں پوری لگن سے لگ جاتے، بلا کے ذہین تھے لہٰذا جلدی ہی اسباق یاد کر لیتے اور پڑھائی میں اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جاتے۔ محمد علی کی معلومات اور ذہانت کا چرچہ پھیلا تو شبلی نعمانی نے انہیں اپنے پاس بلا یایا، پہلے تو خلیفہ ہارون رشید کی اولاد کے بارے میں معلومات کی جو انہوں نے ٹھیک ٹھیک بتا دیں، اس کے بعد خلیفہ کے شجرے کے بارے میں دریافت کیا، محمد علی اس میں بھی کامیاب رہے، اب شبلی نعمانی نے ان کو ایک مصرع دیا اور دوسرا مصرع لگا کر شعر پورا کرنے کے لیے کہا، محمد علی نے دوسرا مصرع لگا کر اپنی ذہانت اور قابلیت کا سکہ جما کر شبلی نعمانی کا دل جیت لیا۔ کالج کے زمانے میں بھی محمد علی نے اپنی ذہانت اور قابلیت کے باعث طلباء کے درمیان اہم مقام حاصل کر لیا، طلباء کے رہنما کے طور پر وہ یونین کے سیکریٹری بھی بن گئے، وہ طلباء کے مسائل کو حل کرانے کے لئے کوشاں رہتے، یہی قائدانہ صلاحیت انہیں مستقبل میں سیاسی رہنما بنانے میں معاون ثابت ہوئی، وہ کالج کی کرکٹ ٹیم کے کپتان بھی تھے، علی گڑھ کے قیام کے دوران انہیں اسلامی اقدار اور تعلیمات کو بھی سمجھنے اور اپنے اندر سمونے کا موقع ملا، وہ علامہ شبلی کے تفسیر قرآن کے بیان کو انتہائی ذوق وشوق سے سنا کرتے تھے، اس طرح اسلامی سوچ نے ان کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا۔ 1894ء میں محمد علی نے اے ایم یو سے بی اے کی سند حاصل کی اور پورے صوبے میں اول رہے، اتنی کم عمر میں اتنی شاندار کامیابی کے بعد ان کے بھائی شوکت علی نے ان سے نوکری کرانے کے بجائے اور اعلیٰ تعلیم کے لیے انہیں انگلینڈ بھیج دیا تاکہ وہ آئی سی ایس کا امتحان پاس کر سکیں، اس وقت ان کی مالی حالت بہت اچھی نہ تھی پھر بھی شوکت علی کسی نہ کسی طرح محمد علی کی کالج فیس کا انتظام کرتے رہے، محمد علی انگلستان کے آکسفورڈ یونیورسٹی سے جدید تاریخ میں بی اے آنرز کی ڈگری نمایاں کامیابی سے حاصل کر کے واپس وطن لوٹے، اسی دوران 1902ء میں ان کی شادی رام پور کے ایک عزیز عظمت اللہ کی صاحبزادی امجدی بیگم سے ہو گئی۔ رامپور میں محمد علی پہلے اسٹیٹ ہائی اسکول کے پرنسپل بنے اور پھر ریاست کے چیف ایجوکیشنل آفیسر مقرر ہوئے، اپنے افسری کے زمانے میں محمد علی نے بہت سی تعلیمی اصلاحات نافذ کیں، ایک سیاسی اور سماجی رہنما ہونے کے ساتھ ساتھ ایک سچے مسلمان بھی تھے، انہوں نے ہر طالب علم کے دین کے لحاظ سے اس کی تعلیم کا انتظام کیا، 1903ء میں انہیں ریاست بڑودہ میں ملازمت مل گئی، وہاں انہوں نے سات برس انتہائی خوش اسلوبی سے گزارے، اپنی ملازمت کے دوران اور اپنی سیاسی زندگی میں انہوں نے کبھی اصولوں سے سمجھوتہ نہیں کیا جس کے باعث 1922ء میں وہ انڈین نیشنل کانگریس کے پریذیڈنٹ بھی بنے، محمد علی جوہر جو بھی بات کہتے بے باک کہتے، اپنے خیالات کا اظہار لیڈر ہو کر کرتے انہوں نے لندن میں وہ علمی کانفرنس میں تقریر کرتے، انہوں نے لندن میں گول میز کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا، "ٹوریا کا پوتا (یعنی بادشاہ) اگر میرے وطن کو آزادی نہیں دینا چاہتا تو مجھے قبر کے لیے دو گز جگہ تو دے سکتا ہے"۔ محمد علی جوہر کے اندر بے باکی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی، انہوں نے حق کا ساتھ کبھی نہ چھوڑا، 19 نومبر 1930ء کو لندن میں گول میز کانفرنس کے دوران انہوں نے نہایت جرأت کے ساتھ اعلان کیا، میں ایک غلام ملک میں واپس نہیں جاؤں گا، میں ایک غیر ملک میں مرنے کو ترجیح دوں گا بشرطیکہ وہ ایک آزاد ملک ہو اور اگر ہم کو ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گے تو آپ کو مجھے یہاں ایک قبر دینی پڑے گی، اسی روز محمد علی کمزوری کے باعث بے ہوش ہو گئے کچھ عرصے بعد ان پر فالج کا اثر بھی ہو گیا، آخر اسی بیماری کی حالت میں 4 جنوری 1931ء کی صبح کو محمد علی اس جہان فانی سے کوچ کر گئے، 5 جنوری کی شام لندن کے ٹاؤن ہال میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور پھر انہیں بیت المقدس کے احاطے میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اس طرح خدا نے محمد علی جوہر اس بیان کی لاج رکھ لی جس میں انہوں نے کہا تھا کہ میں غلام ملک میں واپس نہیں جاؤں گا۔

# بھارت میں مذہبی انتہاء پسندی اور عدلیہ کی غیر جانبداری کا سوال

بھارت میں مذہبی انتہاء پسندی
اور عدلیہ کی غیر جانبداری کا سوال

مَسعُود مَحبُوب خان (ممبئی) 09422724040

بھارت میں مذہبی انتہاء پسندی اور یکساں سول کوڈ (Uniform Civil Code) کا مسئلہ نہایت حساس موضوع ہے۔ ہندو انتہاء پسندوں کی بڑھتی ہوئی طاقت اور ان کے اثرات نے بھارت کے سماجی اور قانونی ڈھانچے پر گہرے اثرات ڈالنے شروع کر دیئے ہیں۔ جسٹس شیکھر کمار یادو کے متنازع بیان اور بھارت میں مسلمانوں کے عائلی قوانین کے تحت زندگی گزارنے کے حق پر بات کی جانی چاہیے۔ بھارت میں ہندو انتہاء پسند تنظیمیں جیسے وشوا ہندو پریشد اور آر ایس ایس مسلسل عدالتوں، حکومت، اور سماج پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرتی رہی ہیں۔ عدالتی فیصلوں میں ان کا اثر ورسوخ بابری مسجد کیس سے لے کر حالیہ متنازع بیانات تک واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ جب عدالت کے موجودہ جج متنازع بیانات دیتے ہیں، تو عدلیہ کی غیر جانبداری پر سوال اٹھتے ہیں۔

یکساں سول کوڈ کا مطالبہ بظاہر مساوات کے اصول پر مبنی لگتا ہے، لیکن اس کے پیچھے ہندو انتہاء پسند نظریہ کارفرما ہے۔ اس کا مقصد تمام اقلیتوں کو اپنے پرسنل لا سے محروم کر کے اکثریتی ہندو دھرم کے اصولوں کو ریاستی قانون میں نافذ کرنا ہے۔ مثال کے طور پر، ہندو دھرم میں طلاق کا تصور نہ ہونے کی وجہ سے وہ دوسرے مذاہب میں طلاق کے حق کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ دوسری شادی پر پابندی کے ذریعے مسلمانوں کے تعدادِ ازدواج کے حق کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اس معاملے میں خواتین کے حقوق کی حمایت کا دعویٰ کیا جاتا ہے، لیکن حقیقت میں اس کا مقصد اقلیتوں کے عائلی معاملات میں مداخلت کرنا ہے۔

بھارت کے مسلمان 1937ء کے مسلم پرسنل لا (شریعت) اپلیکیشن ایکٹ کے تحت اپنے عائلی معاملات طے کرتے ہیں۔ یہ قانون مسلمانوں کو شادی، طلاق، وراثت، اور دیگر عائلی معاملات میں اپنے مذہبی اصولوں کے مطابق فیصلے کرنے کا حق دیتا ہے۔ ہندو انتہاء پسند گروپوں کو یہ حق کھٹکتا ہے کیونکہ یہ بھارت کی "ہندوتوا" نظریاتی تشکیل میں رکاوٹ سمجھا جاتا ہے۔ جسٹس شیکھر کمار یادو جیسے ججز کے متنازع بیانات عدلیہ کی غیر جانبداری پر سوال اٹھاتے ہیں۔ بھارت جیسے کثیر الثقافتی اور کثیر المذہبی ملک میں جمہوری اقدار اور آئین کی روح یہ ہے کہ تمام مذاہب کے پیروکار اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ لیکن ہندو انتہاء پسندی کا نظریہ "اکثریت کی حکمرانی" کو نافذ کرنا چاہتا ہے، جو کہ جمہوری اصولوں کی نفی ہے۔

جسٹس یادو کے بیان پر سوشل میڈیا پر ہونے والی ٹرولنگ یہ ظاہر کرتی ہے کہ بھارتی عوام کا ایک حصّہ عدلیہ کی جانبداری اور مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف بیدار ہے۔ یہ ایک مثبت پہلو ہے، لیکن اسے عملی طور پر قانون سازی اور عوامی تحریکوں میں بدلنا ضروری ہے۔ اگر یکساں سول کوڈ نافذ کیا جاتا ہے، تو یہ صرف مسلمانوں ہی نہیں بلکہ دیگر اقلیتوں جیسے عیسائیوں، سکھوں، اور قبائلی گروہوں کی مذہبی آزادی پر بھی اثر ڈالے گا۔ ہندو دھرم کے اصولوں کو ریاستی قانون کا حصّہ بنانا تمام اقلیتوں کے لیے تشویش کا باعث ہے۔

بھارت کے مسلمان اور دیگر اقلیتیں اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہے ہیں۔ ہندو انتہاء پسندی کے دباؤ کے باوجود، آئین میں درج حقوق کے تحفّظ کے لیے قانونی، سیاسی، اور سماجی جدوجہد جاری رکھنی ہوگی۔ اس کے لیے مضبوط قیادت، باہمی اتحاد، اور اصولوں کی پاسداری ضروری ہے۔ بھارت میں ہندو انتہاء پسندی کا عروج اقلیتوں کے حقوق اور اصولوں کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ یکساں سول کوڈ کے نفاذ کا مطالبہ ایک سیاسی ایجنڈے کا حصّہ ہے جو اقلیتوں کی آزادی کو محدود کرنا چاہتا ہے۔ اس صورتحال میں بھارت کے عوام، خاص طور پر اقلیتوں، کو چاہیے کہ وہ اپنے حقوق کے تحفّظ کے لیے پُرامن اور متحدہ جدوجہد کریں اور آئینی اصولوں کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔

جسٹس شیکھر کمار یادو کے وشوا ہندو پریشد کے ایونٹ میں دیے گئے بیانات اور ان کے گائے کے تحفّظ کے حوالے سے متنازع ریمارکس بھارت میں عدلیہ کی غیر جانبداری اور مذہبی تعصب کے حوالے سے سنگین سوالات اٹھاتے ہیں۔ یہ بیانات اور رویے موجودہ سیاسی اور سماجی ماحول کا عکس ہیں، جہاں ہندو انتہاء پسندانہ نظریات کو مزید تقویت دی جا رہی ہے۔ جسٹس شیکھر کمار یادو نے یہ اعتراف کیا کہ ہندو دھرم میں کئی خرابیاں موجود ہیں لیکن ان خرابیوں کو دور کرنے کے لیے مصلحین آئے۔ یہ بیان بظاہر اصلاحات کی حمایت میں نظر آتا ہے، لیکن اس کے ذریعے وہ ہندو دھرم کے اندرونی مسائل کو معمولی ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جب کہ دیگر مذاہب پر تنقید اور دباؤ ڈالنے کی پالیسی جاری رکھتے ہیں۔

گائے کے تحفّظ کے نام پر جسٹس یادو کے سخت ریمارکس ہندو دھرم کے مذہبی جذبات کو قانونی دائرے میں داخل کرنے کی ایک مثال ہیں۔ گائے کو ہندو دھرم میں مقدس سمجھا جاتا ہے، لیکن اس مسئلے کو اقلیتوں، خاص طور پر مسلمانوں اور دلتوں، کے خلاف تشدد کو بڑھاوا دینے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ جسٹس یادو جیسے ججز کے متنازع بیانات اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ عدلیہ بھی ان متعصّبانہ نظریات سے متاثر ہو رہی ہے۔ ججز کا سیاسی اور مذہبی تنظیموں کے ایونٹس میں شرکت اور وہاں متنازع بیانات دینا عدلیہ کی غیر جانبداری کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔ وشوا ہندو پریشد ایک معروف ہندو انتہاء پسند تنظیم ہے، اور اس کے ایونٹ میں جج کا ایسا بیان دینا یہ ظاہر کرتا ہے کہ عدلیہ کے کچھ ارکان سماجی اور مذہبی تعصّبات سے آزاد نہیں ہیں۔ یہ عدلیہ کی ساکھ اور عوام کے اعتماد کے لیے نقصان دہ ہے۔

گائے کے تحفّظ کے نام پر بنائے گئے قوانین اور ان پر مبنی بیانات اقلیتوں کے لیے شدّید خطرہ بن چکے ہیں۔ مسلمانوں کو گائے کے ذبیحہ کے الزام میں قتل، ہراسانی، اور معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس صورتحال میں عدلیہ کے ججز کا ایسے بیانات دینا ان مظالم کو مزید جائز قرار دینے کے مترادف ہے۔ وشوا ہندو پریشد اور دیگر ہندو انتہاء پسند تنظیموں کی حمایت میں ججز کے بیانات بھارت کے کثیر الثقافتی معاشرے کے لیے خطرہ ہیں۔ ایسے بیانات اقلیتوں کے حقوق کو مزید محدود کرتے ہیں اور سماجی تقسیم کو گہرا کرتے ہیں۔ جسٹس شیکھر کمار یادو کے بیانات بھارت کے عدالتی نظام پر عوامی اعتماد کو کمزور کرتے ہیں اور مذہبی بنیادوں پر تعصب کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ یہ عدلیہ کی غیر جانبداری کے اصولوں کے خلاف ہیں اور بھارت کی جمہوری اقدار کے لیے ایک چیلنج ہیں۔ اس صورتحال میں ضروری ہے کہ عدلیہ کے ارکان اپنے بیانات اور فیصلوں میں غیر جانبداری کا مظاہرہ کریں اور مذہبی یا سیاسی دباؤ سے آزاد رہیں۔

